City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

# News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

# کیا آپ 2026 کے بلدیاتی انتخابات میں ووٹ ڈال رہے ہیں؟ ووٹرز کی فہرست چیک کریں

2026 کے Mississauga میونسپل انتخابات کے لیے ووٹر رجسٹریشن پورٹل اب کھل چکا ہے۔ 26 اکتوبر 2026 کو ووٹ ڈالنے کا عمل آسان بنانے کے لیے [mississauga.ca/vote](mississauga.ca/vote) پر جا کر اپنی ذاتی معلومات چیک کریں، انہیں اپ ڈیٹ کریں یا شامل کریں۔

27 جولائی 2026




Mississauga میں 2026 کے بلدیاتی انتخابات بروز پیر، 26 اکتوبر کو منعقد ہو رہے ہیں۔ ان میں اہل ووٹرز 2026 سے 2030 کی مدتِ کار کے لیے Mississauga کے میئر، اپنے وارڈ/علاقائی کونسلر اور اسکول بورڈ ٹرسٹیز کا انتخاب کریں گے۔

ووٹنگ شروع ہونے سے پہلے، ووٹرز کی فہرست میں اپنی معلومات چیک کرنے، انہیں اپ ڈیٹ یا شامل کرنے کے لیے [ووٹر رجسٹریشن پورٹل]() استعمال کریں۔ ووٹرز کی فہرست میں شامل ہونے سے آپ کی ووٹ ڈالنے کی اہلیت کی تصدیق اور یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ آپ کو ووٹر نوٹیفیکشن کارڈ موصول ہو جائے اور اس سے ووٹ ڈالنے کے لیے پہنچنے پر عمل مزید تیز اور آسان ہو جاتا ہے۔

اگر آپ کا نام ووٹرز کی فہرست میں شامل نہیں ہے لیکن ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، تو تب بھی آپ ووٹ ڈال سکتے ہیں، تاہم ووٹنگ کے مقام پر آپ کو کچھ اضافی مراحل مکمل کرنے پڑ سکتے ہیں۔ اپنی معلومات ابھی چیک کر لینے سے آپ تاخیر سے بچ سکتے ہیں اور انتخابات کے دن سے پہلے بہتر منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

اپنی معلومات چیک کرتے وقت یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا نام، پتہ اور آپ کے منتخب کردہ اسکول بورڈ سے متعلق معلومات درست ہوں۔ اس سے انتخابی عملہ آپ کو درست بیلٹ پیپر فراہم کر سکے گا، جس میں اسکول بورڈ کے ٹرسٹی کے انتخاب کے لیے درست بیلٹ پیپر بھی شامل ہو گا۔

ووٹرز کی فہرست چیک کریں
ووٹرز کی فہرست میں ووٹ ڈالنے کے اہل افراد کا ریکارڈ موجود ہوتا ہے۔ اسے ووٹر کی معلومات کی تصدیق کرنے، ووٹر نوٹیفیکشن کارڈ جاری کرنے اور انتخابی عملے کو ووٹرز کو درست بیلٹ پیپر کی طرف رہنمائی کرنے میں مدد دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ درج ذیل کاموں کے لیے ووٹر رجسٹریشن پورٹل استعمال کریں:

یہ چیک کرنے کے لیے کہ آیا آپ کا نام ووٹرز کی فہرست میں موجود ہے۔

- اگر آپ کا نام موجود نہ ہو، تو اسے شامل کروانے کے لیے۔
- اپنی معلومات اپ ڈیٹ کرنے کے لیے۔

اگر آپ کا نام ووٹرز کی فہرست میں موجود ہوا، تو آپ کو ستمبر 2026 میں بذریعہ ڈاک آپ کا ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ موصول ہو جائے گا۔ اس کارڈ پر درج ہوتا ہے کہ آپ نے کب اور کہاں ووٹ ڈالنا ہے۔ یہ کارڈ ووٹ ڈالنے کے لیے لازمی نہیں ہے، لیکن اگر آپ اسے اپنی شناختی دستاویزات کے ساتھ لے کر جائیں گے، تو ووٹ ڈالنے کا عمل زیادہ تیز ہو سکتا ہے۔

## کون ووٹ دے سکتا ہے؟

آپ Mississauga کے 2026 کے میونسپل انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں، اگر انتخابات کے دن پر آپ درج ذیل شرائط پر پورا اترتے ہوں:

کینیڈا کا شہری ہونا

- کم از کم عمر 18 سال ہونا
- آپ Mississauga کے رہائشی ہوں یا اگر آپ یہاں کے رہائشی نہیں ہیں، تو Mississauga میں آپ یا آپ کے/کی شریکِ حیات کی ملکیت میں یا کرایہ پر لی گئی کوئی پراپرٹی موجود ہو

## ووٹ دینا کیوں اہم ہے

ووٹ دینے سے آپ کو یہ موقع ملتا ہے کہ آپ یہ طے کرنے میں اپنا کردار ادا کریں کہ آپ کی نمائندگی کون کرے گا اور Mississauga کی ترقی کیسے ہو گی۔ آپ کا ووٹ ان فیصلوں پر اثر انداز ہوتا ہے جو آپ کی روزمرہ زندگی سے متعلق ہوتے ہیں، جن میں سڑکیں، پارکس، عوامی نقل و حمل، تفریحی سہولیات، کمیونٹی پروگرام اور دیگر مقامی خدمات سے متعلق فیصلے شامل ہیں۔

## مزید معلومات

Mississauga کے 2026 کے بلدیاتی انتخابات کے بارے میں مزید معلومات، بشمول کون ووٹ دے سکتا ہے، ووٹرز کی فہرست کیسے چیک کی جائے، کہاں ووٹ ڈالنا ہے اور اپنے ساتھ کون سی شناختی دستاویزات لے کر جانی ہیں، حاصل کرنے کے لیے:

- انتخابات سے متعلق تازہ ترین معلومات، ووٹرز کے لیے معلومات، قبل از وقت ووٹنگ کی تاریخیں اور مقامات، امیدواروں سے متعلق معلومات اور انتخابی نتائج کے لیے mississauga.ca/election ملاحظہ کریں۔
- اگر آپ کے ووٹ ڈالنے، ووٹ ڈالنے کی اہلیت، اپنی ووٹر معلومات یا ووٹ ڈالنے کے مقام سے متعلق کوئی سوالات ہوں، تو (8683) 905-615-VOTE پر کال کریں۔
- اگر آپ کو شہر کی معلومات یا کسی متعلقہ سروس سے رابطہ کرنے میں مدد چاہیے ہو، تو 311 کی آن لائن کسٹمر سروس سے رابطہ کریں۔

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1




ڈیجیٹل مواد اور ڈاؤن لوڈز




میونسپل انتخابات کی ووٹرز کی فہرست سے متعلق مواد ڈاؤن لوڈ کریں۔

-30-


میڈیا کنٹیکٹ:
City of Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200, ext. 5232
TTY: 905-896-5151